## پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر ساجد جوکھیو کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## ایم کیوایم کے رکن سندھ اسمبلی نثار پہنور اور ایم کیوایم بن قاسم ٹاؤن کے رکن نثار شر نے ساجد جوکھیو کے گھر جا کر تعزیت کی

لندن ۔۔۔5 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کے رہنما اور سندھ کے وزیر زکوٰۃ وعشر ساجد جوکھیو کی والدہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے ساجد جوکھیو اوران کے تمام اہل خانہ سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ساجد جوکھیو کی مرحوم والدہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم کے رکن سندھ اسمبلی نثار پہنور اور ایم کیوایم بن قاسم ٹاؤن کے رکن نثار شر نے ساجد جوکھیو کے گھر جا کر ان سے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا اور مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم بن قاسم ٹاؤن کے کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے سینئر رکن سرفراز احمد کی والدہ محترمہ بیب النساء صدیقی علالت کے باعث لندن میں انتقال کرگئیں (اناللہ وانا الیہ راجعون)

## مرحومہ اپنے بیٹے اورانکے بچوں سے ملاقات کیلئے گزشتہ دنوں لندن آئی تھیں

## ہفتہ کی شب نماز پڑھتے ہوئے ان پر فالج کا شدید حملہ ہوا

## مرحومہ بیب النساء صدیقی کی تدفین لندن میں ہوگی ،نماز جنازہ منگل کو بعد نماز ظہر ہینڈن مسجد میں ادا کی جائے گی

لندن ۔۔۔4 جنوری 2009ء۔۔۔ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے سینئر رکن سرفراز احمد صدیقی کی والدہ محترمہ بیب النساء صدیقی مختصر علالت کے بعد اتوار اور پیر کی درمیانی شب لندن کے بارنیٹ اسپتال میں انتقال کرگئیں (اناللہ وانا الیہ راجعون)۔مرحومہ بیب النساء صدیقی کی عمر 80 سال تھی ۔مرحومہ اپنے بیٹے اوران کے بچوں سے ملاقات کیلئے گزشتہ دنوں لندن آئی تھیں۔ ہفتہ کی شب نماز پڑھتے ہوئے ان پر فالج کا شدید حملہ ہوا جس پر انہیں فوری طور پر لندن کے بارنیٹ اسپتال لے جایا گیا تاہم دماغ میں خون جمع ہوجانے کے باعث ان کی حالت مزید نازک ہوگئی اور اتوار اور پیر کی درمیانی شب وہ خالق حقیقی سے جاملیں۔انتقال کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کے اراکین رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان فوری طور پر اسپتال پہنچ گئے اور سرفراز احمد سے تعزیت کی۔مرحومہ بیب النساء صدیقی کی تدفین لندن ہی میں ہوگی۔مرحومہ کی نماز جنازہ منگل کو بعد نماز ظہر ہینڈن (Hendon) مسجد میں ادا کی جائے گی اورانہیں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن سرفراز احمد سے فون پر تعزیت

## سرفراز احمد کی والدہ محترمہ بیب النساء صدیقی کے انتقال پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے تمام ارکان کا اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔4 جنوری 2009ء۔۔۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے سینئر رکن سرفراز احمد صدیقی کی والدہ محترمہ بیب النساء صدیقی کے انتقال پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔انتقال کی اطلاع ملتے ہی جناب الطاف حسین نے سرفراز احمد سے فون پر تعزیت کی اورانہیں تسلی دی۔سرفراز احمد سے تعزیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دکھ اور صدمہ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت تحریک کے تمام کارکنان آپ اور آپکے تمام اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے، انکے درجات کو بلند کرے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے تمام ارکان نے بھی سرفراز احمد کی والدہ محترمہ بیب النساء صدیقی کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

## ایم کیوایم سانگھڑ شاہ پور چاکر یونٹ کے کارکن محمد فاروق لودھی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔5، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سانگھڑ زون شاہ پور چاکر یونٹ کے کارکن محمد فاروق لودھی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم سانگھڑ زون کے کارکن محمد فاروق لودھی ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ سانگھڑ زون شاہ پور چاکر یونٹ کے کارکن محمد فاروق لودھی دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے۔ محمد فاروق لودھی کی عمر 32 سال تھی اور وہ دل کے عارضے میں مبتلا تھے۔مرحوم کے سوگوران میں والدین، تین بھائی اور دو بہنیں شامل ہیں۔محمد فاروق لودھی مرحوم کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم سانگھڑ زونل کمیٹی کے اراکین، سیکٹرز کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور ایلڈ زرنگ کے ارکان کے علاوہ مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمد فاروق لودھی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے (آمین)۔

## فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے ایم کیوایم کا کردار قابل تعریف ہے، علمائے کرام
## علامہ محمد حسین مسعودی اور رضاء المصطفیٰ اعظمی سے حق پرست صوبائی وزراء کی ملاقاتیں

کراچی۔۔۔5، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر انفارمیشن ٹیکنالونی محمد رضا ہارون نے ممتاز عالم دین علامہ محمد حسین مسعودی اور حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے معروف عالم دین رضاء المصطفیٰ اعظمی سے ملاقاتیں کیں۔ملاقات میں محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد، ایم کیوایم علماء کمیٹی کے اراکین مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی، مولانا ناصر یامین اور انور رضا بھی موجود تھے۔ملاقات میں علمائے کرام نے حق پرست وزراء سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین نے عوام میں سے فرقہ واریت کا خاتمہ کر کے اور اتحاد بین المسلمین کیلئے عملی کوششیں کر کے تمام مسالک کے علمائے کرام اور عوام کو یکجا کر دیا ہے اور فرقہ واریت کے خاتمہ کیلئے ایم کیوایم کا کردار قابل تعریف ہے۔علمائے کرام نے تمام مسالک سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کی صورتحال اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔اس موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کی گئیں۔

## ایم کیوایم بدین زون کے کارکن اور بلدیہ ٹاؤن یوسی 5 کے حق پرست جنرل کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بدین زون راجو خانانی یونٹ کے کارکن حاجی عبداللہ لنجوانی کی والدہ محترمہ اور بلدیہ ٹاؤن یوسی 5 کے حق پرست جنرل کونسلر شہاب الدین کی اہلیہ محترمہ سراج فاطمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم صوبہ سرحد کے فرقان ہاشمی کے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، حق پرست سینیٹرز

## فرقان ہاشمی کو اغواء کر کے ذبح کرنا سفاکیت کی انتہاء ہے

کراچی ۔۔۔5، جنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم صوبہ سرحد بنوں کی ڈسٹرکٹ کمیٹی کے رکن فرقان ہاشمی کے اغواء اور سفاکی سے قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ سفاک قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مسلسل واقعات کے باعث صوبہ سرحد کے عوام کی جان و مال عدم تحفظ کا شکار ہے اور مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں سیاسی جماعتوں کے کارکنوں، علمائے کرام، سرکاری ملازمین اور خواتین سمیت ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شدید متاثر ہیں ۔ حق پرست سینیٹرز نے صدر آصف علی زرادری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک اور صوبہ سرحد کی صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ فرقان ہاشمی کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ان کے اغواء اور قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے ۔ انہوں نے فرقان ہاشمی شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا بھی اظہار کیا ۔

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے رکن خالد محمود کی ہمشیرہ خالدہ پروین کو سپرد خاک کر دیا گیا

## سوئم منگل کو بعد نماز ظہر مرحومہ کی رہائشگاہ واقع ایف سی ایریا میں ہوگا

کراچی ۔۔۔5، جنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات ویڈیو سیکشن کے رکن خالد محمود کی ہمشیرہ محترمہ خالدہ پروین توحید کالونی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا ۔ مرحومہ کی نماز جنازہ الفلاح مسجد ایف سی ایریا میں ادا کی گئی ۔ نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، حق پرست رکن صوبائی اسمبلی انور عالم، لیاقت آباد ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم حافظ اسامہ قادری، ایم کیوایم شعبہ اطلاعات، ویڈیو، فوٹو، نیوز سیکشن کے اراکین، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز و اقارب نے شرکت کی ۔ محترمہ خالدہ پروین مرحومہ کا سوئم 6 جنوری منگل کو بعد نماز ظہر مرحومہ کی رہائشگاہ واقعہ ایف سی ایریا میں منعقد ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی جائے گی ۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین اور حق پرست صوبائی وزیر نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن

## سرفراز صدیقی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر کراچی میں واقع رہائشگاہ جا کر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا

کراچی ۔۔۔5، جنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، انیس قائم خانی اور حق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے سینئر رکن سرفراز احمد صدیقی کی والدہ محترمہ بیب النساء صدیقی کے انتقال پر مرحومہ کی رہائش گاہ واقع نارتھ کراچی جا کر مرحومہ کے صاحبزادوں شکیل صدیقی اور تسلیم صدیقی سے ملاقات کی اور ان سے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان اور صوبائی وزیر نے مرحومہ کے لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بھی دلی افسوس کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی ۔ وہ کچھ دیر سوگواران کے ساتھ رہے ۔ اس موقع پر انہوں نے مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔ اسی طرح حق پرست صوبائی ارکان سندھ اسمبلی خواجہ اظہار الحسن، معین خان، نیو کراچی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم اختر حسین اور یوسی ناظمین نے بھی مرحومہ کی رہائشگاہ جا کر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ۔

☆☆☆☆☆